**Question Booklet Version: A**

**Qn. Booklet No:** 22134 **Roll Number:**

# INSTRUCTIONS TO CANDIDATES

1. Read the instructions given on the back of the OMR sheet /Admit Card carefully and fill the OMR sheet. OMR sheet not correctly filled in will not be valued. Use only ball point pen (black/blue ink) to fill in the OMR sheet.

2. ***Darken the circle II in Box No.1 and darken the circle A in Box No.2. Write and darken your Roll Number (all eight digits) in Box No.3*** **and *Qn. Booklet No. (22134) in Box No.4*.**

3. The duration of the examination is **120 Minutes**.

4. After opening the Question Booklet at 2.00 PM, ensure that there are 120 Questions and that the printing of all the questions are legible. If there is/are any missing or illegibly printed question(s), the matter may be reported to the Invigilator immediately.

5. There are 4 options (A, B, C & D) for each question. Mark the most appropriate answer corresponding to each question by blackening (filling fully) the corresponding bubble in the OMR sheet with a black/blue ink ball point pen.

6. For every correct answer 1 mark will be awarded. There shall be no deduction of marks for wrong answers. Marking of more than one bubble against a question number in the OMR sheet shall be deemed as incorrect.

7. Calculator, Mobile phone, Electronic instruments, Watch, etc. will not be allowed in the Examination Hall.

8. Rough work and calculations can be made in the blank pages attached to the Question Booklet.

9. **The OMR Answer Sheet shall be handed over to the Invigilator on completion of the time allotted for the test. The candidate's copy of the OMR Answer Sheet shall be obtained from the Invigilator before leaving the examination hall.**

10. The candidates will be allowed to leave the hall only after the completion of the examination time.

11. If a candidate tampers, mutilates or damages the bar code, he/she shall be disqualified and his/her candidature shall be cancelled. The answer sheet in respect of such candidates shall not be valued and they will be debarred from appearing for the SET for two subsequent chances.

12. The answer sheets of candidates, who resort to any kind of malpractice during the examination, will not be valued. Such candidates are also liable to be debarred from appearing for SET for two subsequent chances as per Clause 12.5 of the Prospectus.

1۔اپ بھرنش کے معنی۔۔۔۔۔کے ہیں۔

A) بگڑی زبان B) فطری زبان

C) درباری زبان D) مادری زبان

2۔''اردو پنجاب میں پیدا ہوئی'' یہ نظریہ کس نے پیش کیا تھا؟

A) مسعود حسین خان B) شوکت سبزواری

C) محمود خان شیرانی D) سید سلیمان ندوی

3۔سرزمین دہلی اور اس کے گردونواح کو اردو کی جائے پیدائش کس نے قرار دیا تھا؟

A) محی الدین قادری زور B) نصیرالدین ہاشمی

C) محمد حسین آزاد D) مسعود حسین خان

4۔ان میں سے سید سلیمان ندوی کے نظریے کی نشاندہی کیجیے۔

A) اردو دکن میں پیدا ہوئی B) اردو برج بھاشا سے نکلی

C) اردو زبان کا آغاز پہلے پہل سندھ میں ہوا D) اردو کی داغ بیل پنجاب کے علاقے میں پڑی

5۔''مقدمہ تاریخ زبان اردو'' کے مصنف کا نام بتائیے۔

A) نصیرالدین ہاشمی B) محمود خان شیرانی

C) سید سلیمان ندوی D) مسعود حسین خان

6۔گریرسن کے مطابق مغربی ہندی کی پانچ بولیوں کے صحیح زمرے کی نشاندہی کیجیے۔

A)شورسینی۔اپ بھرنش۔کھڑی بولی۔ہریانی۔پنجابی

B)کھڑی بولی۔ہریانی۔برج بھاشا۔قنوجی۔بندیلی

C)کھڑی بولی۔پنجابی۔برج بھاشا۔قنوجی۔اپ بھرنش

D)اپ بھرنش۔پنجابی۔بندیلی۔قنوجی۔برج بھاشا

7۔صحیح زمرے کی نشاندہی کیجیے:

A)نصیرالدین ہاشمی۔ہندوستانی لسانیات

B)محمود خان شیرانی۔مقدمہ تاریخ زبانِ اردو

C)شوکت سبزواری۔داستانِ زبان اردو

D)مسعود حسین خان۔دکن میں اردو

8۔نظامی بیدری کی مثنوی کا نام کیا ہے؟

A)چندر بدن مہیار

B) قصہ بے نظیر

C)گلشن عشق

D) کدم راؤ پدم راؤ

9۔مثنوی ''کدم راؤ پدم راؤ'' خاندانِ بہمنی کے کس سلطان کے دور میں لکھی گئی؟

A)فیروز شاہ بہمنی

B)محمود شاہ بہمنی

C)سلطان احمد شاہ ولی بہمنی

D)محمد شاہ بہمنی

10۔میراں جی شمس العشاق کی تصنیف ''شہادت التحقیق'' کا موضوع کیا ہے؟

A)داستانِ عشق

B)شریعت وطریقت کے مسائل

C)بیانِ کرامات

D)تصوف واخلاق

11۔عادل شاہی سلطنت کس خطہ ارض پر قائم ہوئی تھی؟

A) گول کنڈہ B)احمد نگر

C)گلبرگہ D)بیجاپور

12۔مثنوی ''علی نامہ'' اور ''گلشن عشق'' کے مصنف کی نشاندہی کیجیے۔

A)ابراہیم عادل شاہ B)رستمی

C)نصرتی D)غواصی

13۔نصرتی نے بادشاہ وقت کی مداح اپنی کس مثنوی میں کی ہے؟

A)فتح نامہ بہلول خان B)فتح نامہ بکھیری

C)جنت سنگھار D)فتح نامہ نظام شاہ

14۔ذیل میں سے برہان الدین جانم کی نثری تصنیف کی نشاندہی کیجیے۔

A)کلمتہ الحقائق B)منفعت الایمان

C)بشارت الذکر D)ارشادنامہ

15۔ابراہیم عادل شاہ ثانی کی موسیقی اور گیتوں پر مشتمل کتاب کا نام کیا ہے؟

A)حجت البقاء B)کتابِ نورس

C)وصیت الہادی D)سکھ سہیلا

16۔ بیدی کے افسانوں کے مجموعے کی نشاندہی کیجیے۔

A) کلیاں B) دو ہاتھ

C) زندگی کا میلا D) دانہ ودام

17۔ قطب شاہی سلطنت کا بانی کون تھا؟

A) ابراہیم قطب شاہ B) محمد قلی قطب شاہ

C) سلطان محمد قطب شاہ D) عبداللہ قطب شاہ

18۔ ڈپٹی نذیر احمد کا پہلا ناول کون سا ہے؟

A) توبۃ النصوح B) ابن الوقت

C) بنات النعش D) مرات العروس

19۔ ان میں سے کون سی مثنوی غواصی کی نہیں ہے؟

A) مینا ستونتی B) سیف الملوک بدیع الجمال

C) طوطی نامہ D) قطب مشتری

20۔ ''مرزا ظاہردار بیگ'' اور ''کلیم'' کس ناول کے کردار ہیں؟

A) رویائے صادقہ B) ایامیٰ

C) توبۃ النصوح D) ابن الوقت

21۔ کس صنف شاعری میں میر حسن نے اپنا لازوال کارنامہ یادگار چھوڑا ہے؟

A) قصیدہ B) رباعی

C) غزل D) مثنوی

22۔میر حسن کی وفات کس سنہ میں ہوئی ؟

A)1784 B)1786

C)1788 D)1790

23۔اُس پری کا نام بتایئے جو شہزادہ بےنظیر کو چھت سے اپنے ہمراہ لے اڑی تھی؟

A)ماہ رخ B)نجم النساء

C)بکاولی D)روح افزاء

24۔مثنوی گلزار نسیم کا موضوع کیا ہے؟

A)آدم خاکی کا عروج B)گل بکاولی کی داستان عشق

C)اصلاح معاشرت D)داستان بےنظیر و بدر منیر

25۔مثنوی گلزار نسیم میں شہزادہ تاج الملوک کس کا بیٹا تھا؟

A)سلطان عزیز الملوک B)سلطان اعظم الملوک

C)سلطان زین الملوک D)سلطان نظام الملوک

26۔مثنوی زہر عشق کی ہیروئین کا نام کیا ہے؟

A)محمودہ B)نجم النساء

C)مہ جبین D)بدر منیر

27۔مرثیہ داغ کس کی تخلیق ہے؟

A)اقبال B)سودا

C)ذوق D)چکبست

28۔ولی اورنگ آبادی 1700 میں کس کے ہمراہ دلی کا سفر اختیار کیا تھا؟

A) شاہ حاتم B) سید ابوالمعالی

C) شاہ سعداللہ گلشن D) مولانا باقر آ گاہ

29۔''اکبر نے خط لکھا'' یہ جملہ کس قسم کے فعل کو ظاہر کرتا ہے۔

A) فعل لازم B) فعل معروف

C) فعل متعدی D) فعل مجہول

30۔نکات الشعرا کے مصنف کا نام کیا ہے؟

A) شیفتہ B) مصحفی

C) میر تقی میر D) محمد حسین آزاد

31۔شاعر کا صحیح تخلص لگا کر شعر مکمل کیجیے۔

گرچہ ہے ملک دکن میں ان دنوں قدر سخن

کون جائے۔۔۔۔۔پر دلی کی گلیوں چھوڑ کر

A) میرؔ B) نصیرؔ

C) جوشؔ D) ذوقؔ

32۔ اے شمع تری عمر طبیعی ہے ایک رات

ہنس کے گزار یا اسے رو کر گزار دے

یہ کس کا شعر ہے؟

A) ذوقؔ B) دردؔ

C) غالبؔ D) ظفرؔ

33۔ ''ٹوبہ ٹیک سنگھ'' اور ''ٹھنڈا گوشت'' کس فنکار کے افسانے ہیں؟

A) کرشن چندر　　B) منٹو

C) بیدی　　D) عصمت چغتائی

34۔ غالب کی وفات کہاں اور کس سنہ میں ہوئی؟

A) 1867 لکھنو　　B) 1869 دہلی

C) 1870 فیض آباد　　D) 1871 آگرہ

35۔ بلبلِ ہند مر گیا ہیہات

جس کی تھی بات بات میں ایک بات

مرثیہ کے اس شعر میں ''بلبل ہند'' کا اشارہ کس کی طرف ہے؟

A) بہادر شاہ ظفر　　B) سرسید

C) میر انیس　　D) غالب

36۔ حالی کا ''مرثیہ غالب'' کل کتنے بند پر مشتمل ہے؟

A) دس　　B) بارہ

C) چودہ　　D) سولہ

37۔ اشک کے دانے زمینِ شعر میں بوتا ہوں میں

تو بھی رواے خاکِ دلی داغؔ کو روتا ہوں

مرثیہ کے اس شعر میں ''اشک کے دانے'' سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

A) چشم　　B) آنسو

C) دانائی　　D) اناج

38۔ذیل کے اس جملے کی نشاندہی کیجیے جس میں فعل امر واقع ہوا ہے۔

A)بچہ سو رہا ہے B)ایک گلاس پانی لاؤ

C)شاید وہ آتا ہوگا D)وہ دہلی پہنچ گیا

39۔ان میں سے کس شاعر کو صوفی شاعر کی حیثیت سے شہرت حاصل ہوئی ؟

A)داغؔ B)دردؔ

C)مومنؔ D)مرزا دبیرؔ

40۔کس شاعر کو شاعرِ قنوطیت کی حیثیت سے یاد کیا جاتا ہے؟

A)اقبالؔ B)انیسؔ

C)میر تقی میرؔ D)فراقؔ

41۔ نہ ستائش کی تمنا نہ صلے کی پرواہ

گر نہیں ہیں مرے اشعار میں معنی نہ سہی

اُس شاعر کی نشاندہی کیجیے جسے نہ ستائش کی تمنا تھی اور صلے کی پرواہ۔

A)سوداؔ B)داغؔ

C)غالبؔ D)ذوقؔ

42۔محمد مجیب کے ڈرامے کا نام کیا ہے؟

A)گناہ کی دیوار B)خانہ جنگی

C)پردہ غفلت D)دروازے کھول دو

43۔ذیل میں ایک دعوی اور دلیل دی گئی ہے،اس کے چار جواب درج کیے گئے ہیں صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔

دعویٰ : محمد حسین آزاد کا دعویٰ ہے کہ بہادر شاہ ظفر کی بہت سی غزلیں ذوقؔ کی کہی ہوئی ہیں۔

دلیل: کیونکہ ذوقؔ شاہ ظفر کو خوش رکھنا چاہتے تھے۔

A)دعوی اور دلیل دونوں صحیح ہیں۔ B)دعوی صحیح ہے لیکن دلیل غلط۔

C)دعوی غلط ہے اور دلیل صحیح۔ D)دعوی اور دلیل دونوں غلط ہیں

44۔مرزا دبیر نے کہاں اور کس سنہ میں وفات پائی؟

A) 1875 لکھنو B)1876رام پور

C)1877افیض آباد D)1878دہلی

45۔کس شیر کی آمد ہے کہ رن کانپ رہا ہے

اس مصرع میں ''رن'' کا کیا مطلب ہے؟

A)پہاڑ B)میدان جنگ

C)دشت وبیاباں D)گیدڑ

46۔''شعلہ طور'' کس شاعر کا مجموعہ کلام ہے؟

A)فیضؔ B)فراغؔ

C)جگرؔ D)جوشؔ

47۔فراق گورکھپوری کا اصل نام کیا ہے؟

A)نہال چند نریش B)درگا سہائے

C)رگھو پتی سہائے D)کشن پرشاد کول

48۔ڈراما خانہ جنگی کس نوعیت کا ڈراما ہے؟

A)اصلاحی B) سماجی

C)تاریخی D) نفسیاتی

49۔ڈراما آگرہ بازار کا خاتمہ نظیر اکبر آبادی کی کس نظم پر ہوتا ہے؟

A) آدمی نامہ B)مفلسی

C)روٹی D)خوشامد

50۔ڈراما خانہ جنگی کل کتنے ایکٹ پر مشتمل ہے؟

A)سات B)چار

C)پانچ D) تین

51۔حالی کی نظم کا عنوان ''برکھارت'' کا مطلب کیا ہے؟

A) کھارے پانی کی جھیل B) برسات کا موسم

C) کھیت کھلیان D) آبشار

52۔انجمن پنجاب کا قیام کب اور کہاں عمل میں آیا تھا؟

A)1865 لاہور B)1886 پنجاب

C)1888 کراچی D)1889 دہلی

53۔انجمن پنجاب کے مشاعروں کی بنیاد کب اور کس نے ڈالی؟

A)1870 لارڈ ولیز لی B)1872 پروفیسر جارج ولیم

C)1874 کرنل ہالرائیڈ D)1876 جاان گل کرسٹ

54۔ ''حب وطن'' اور ''رحم وانصاف'' کس کی لکھی ہوئی نظمیں ہیں؟

A) مولانا محمد حسین آزاد B) مولانا شبلی

C) مولانا حالی D) جوش ملیح آبادی

55۔ امجد حیدرآبادی کا اصل نام کیا ہے؟

A) سید احمد حسین B) سید اصغر حسین

C) سید امجد حسین D) سید ناصر حسین

56۔ اقبال کے شعری مجموعوں کی صحیح ترتیب بتائیے۔

A) بال جبریل۔ بانگ درا۔ ضرب کلیم۔ ارمغان حجاز

B) ارمغان حجاز۔ بال جبریل۔ بانگ درا۔ ضرب کلیم

C) ضرب کلیم۔ بانگ درا۔ بال جبریل۔ ارمغان حجاز

D) بانگ درا۔ بال جبریل۔ ضرب کلیم۔ ارمغان حجاز

57۔ اقبالؔ کی نظم ''ہمالہ'' کس ہئیت میں ہے اور اس میں کل کتنے بند ہیں؟

A) مخمس سات بند B) مسدس۔ آٹھ بند

C) مثمن۔ پانچ بند D) مسمط۔ چھے بند

58۔ ''چہرہ'' اور ''رخصت'' کس صنف سخن کے اجزاء ہیں؟

A) مرثیہ B) قصیدہ

C) واسوخت D) شہر آشوب

59۔تمہید یہ قصیدے کا پہلا جزو کیا کہلاتا ہے؟

A)گریز B)مداح

C)تشبیب D)مدعا

60۔نظم ''مردِ مسلمان'' اقبالؔ کے کس مجموعے میں شامل ہے؟

A)ضربِ کلیم B)بالِ جبرئیل

C)بانگِ درا D)ارمغانِ حجاز

61۔اقبالؔ کی نظم ''ابلیس کی مجلسِ شوریٰ'' میں کل کتنے مشیر شامل ہیں؟

A)سات B)چھے

C)پانچ D)چار

62۔ذیل کے شعر کو مناسب مصرعِ ثانی لگا کر مکمل کیجیے۔

غربت میں ہوں اگر ہم رہتا ہے دل وطن میں

----------------------

A)ہندی ہیں ہم وطن ہے ہندوستاں ہمارا B)وہ سنتری ہمارا وہ پاسباں ہمارا

C)گلشن ہے جن کے دم سے رشکِ جناں ہمارا D)سمجھو وہیں ہمیں بھی دل ہو جہاں ہمارا

63۔ عاشق کہو اسیر کہو آگرے کا ہے

مُلا کہو دبیر کہو آگرے کا ہے

یہ کس شاعر کا شعر ہے؟

A)مرزا دبیر B)نظیر اکبرآبادی

C)اکبرالہ آبادی D)میر تقی میر

64۔فورٹ ولیم کالج کے قیام کا بنیادی مقصد کیا تھا؟

A)انگریز ملازمین کو ہندوستانی زبان سیکھانا

B)اردو تعلیم کو عام کرنا

C)اردو کو قومی زبان بنانا

D)اردو کے اہل قلم کو روزگار فراہم کرنا

65۔فورٹ ولیم کالج میں ہندوستانی زبان کے شعبہ کے صدر کون منتخب ہوئے تھے؟

A)لارڈ ولیزلی B)لارڈ رپن

C)ڈیوڈ براؤن D)جان گل کرسٹ

66۔اس اہل قلم کی نشاندہی کیجیے جو فورٹ ولیم کالج کے مصنفین میں شامل نہیں تھا۔

A)مرزا رجب علی بیگ سرور B)میر امن

C)سید حیدر بخش حیدری D)میر شیر علی افسوس

67۔میر امن کے باغ و بہار سے پہلے ''چہار درویش'' کا اردو ترجمہ کس نے کیا تھا؟

A)فقیر محمد گویا B)مولوی امانت اللہ

C)میر عطا حسین تحسین D)مرزا علی لطف

68۔دہلی کالج کا قیام کب عمل میں آیا تھا؟

1820(A 1825(B

1832(C 1837(D

69۔ذیل میں سے شاعر اطفال کی پہچان کیجیے۔

A)اکبرالہ آبادی B)اصغر گونڈوی

C)فانی بدایونی D)اسماعیل میرٹھی

70۔ زندگی کیا ہے عناصر میں ظہور ترتیب

موت کیا ہے ان ہی اجزاء کا پریشاں ہونا

یہ مشہور زمانہ شعر کس کا ہے؟

A)چکبست B)حسرت موہانی

C)فیض D)مجاز

71۔ظرافت کی آڑ میں کس شاعر نے انگریزی تعلیم وتہذیب کو طنز کا نشانہ بنایا تھا؟

A)ن۔م راشد B)اکبرالہ آبادی

C)مخدوم محی الدین D)علی سردار جعفری

72۔ڈراما ضحاک کے مصنف کا نام کیا ہے؟

A)حبیب تنویر B)آغا حشر کاشمیری

C)محمد مجیب D)محمد حسن

73۔ڈراما رستم وسہراب کی کہانی کا ماخذ کیا ہے؟

A)قصہ حسن ودل B)شاہ نامہ فردوسی

C)قصہ چہار درویش D)قصہ گل بکاولی

74۔''ہماری باتیں ہی باتیں ہیں سید کام کرتا ہے'' یہ جملہ سرسید سے متعلق کس نے کہا تھا؟

A)علامہ اقبال B)مولانا حالی

C)اکبرالہ آبادی D)فراق گورکھپوری

75۔اردو کا وہ کونسا واحد ترقی پسند شاعر ہے جو فوجی ملازمت میں لفٹنٹ کرنل کے عہدے پر فائز تھا؟

A)کیفی اعظمی B) فیض احمد فیض

C)میراں جی D)جان نثار اختر

76۔فیض کا ''نسخہ ہائے وفا'' کل کتنے شعری مجموعوں پر مشتمل ہے؟

A)آٹھ B)سات

C)پانچ D)چھے

77۔فیض کا پہلا اور آخری شعری مجموعہ کون سا ہے؟

A)دستِ صبا اور مرے دل مرے مسافر B)نقش فریادی اور سروادی سینہ

C)زندان نامہ اور دست تہہ سنگ D)نقش فریادی اور غبار ایام

78۔نظم ''مجھ سے پہلی سی محبت مری محبوب نہ مانگ''، فیض کے کس شعری مجموعے میں شامل ہے؟

A)نقش فریادی B)سروادی سینہ

C)شام شہر یاروں D)دست صبا

79۔ تعریف اس خدا نے جس نے جہاں بنایا
کیسی زمیں بنائی کیا آسماں بنایا
یہ شعر کس کا ہے؟
A) ساحر لدھیانوی B) چکبست
C) اقبال D) اسماعیل میرٹھی

80۔ ہم آہ بھی کرتے ہیں تو ہو جاتے ہیں بدنام
وہ قتل بھی کرتے ہیں تو چرچا نہیں ہوتا
یہ شعر کس کا ہے؟
A) اکبرالہ آبادی B) فیض
C) فراق D) حسرت موہانی

81۔ نظم ''آم نامہ'' کس کی تخلیق ہے؟
A) غالب B) اکبرالہ آبادی
C) اسماعیل میرٹھی D) نظیر اکبرآبادی

82۔ ڈراما ''رستم وسہراب'' کس کی تخلیق ہے؟
A) امتیاز علی تاج B) حبیب تنویر
C) محمد مجیب D) آغا حشر کاشمیری

83۔ زمانی ترتیب سے شعراء کے صحیح زمرے کی نشاندہی کیجیے۔
A) میر۔ظفر۔غالب۔مومن۔حالی B) ظفر۔میر۔غالب۔حالی۔مومن
C) مومن۔غالب۔میر۔ظفر۔حالی D) میر۔غالب۔ظفر۔حالی۔مومن

84۔حالی کے ''مقدمہ شعروشاعری'' کو اردو شاعری کا مینی فیسٹو کس نے قرار دیا تھا؟

A)احتشام حسین B)گوپی چند نارنگ

C)شمس الرحمٰن فاروقی D)آل احمد سرور

85۔صحیح زمرے کی نشاندہی کیجیے۔

A)آرائش محفل۔سید حیدر بخش حیدری B)باغ اردو۔للولال جی

C)کربل کتھا۔میر بہادر علی حسینی D)باغ و بہار۔مرزا علی لطف

86۔سرسید کی کتاب ''آثارالصنادید'' کا موضوع کیا ہے؟

A)مسلمانوں کے زوال کے اسباب B)دہلی کی تاریخی عمارتوں اور نامور لوگوں کے حالات

C)انگریزی تعلیم کی ضرورت واہمیت D)ہندوستانی طرز معاشرت

87۔''تہذیب الاخلاق'' کیا ہے؟

A)سفرنامہ B)خاکہ

C)ڈراما D)رسالہ

88۔''آب حیات'' کے مصنف کا نام کیا ہے؟

A)حالی B)ڈپٹی نذیر احمد

C)محمد حسین آزاد D)مولانا شبلی

89۔''حیات جاوید'' کس قسم کی کتاب ہے؟

A)سوانح عمری B)تذکرہ

C)داستان D)خاکہ

90۔موازنہ انیس و دبیر کس کی تصنیف ہے؟

A)مولانا آزاد　B)مولانا حالی

C)ڈپٹی نذیر احمد　D)مولانا شبلی

91۔ماسٹر رام چندر اور مولانا صہبائی کا تعلق ذیل کے کس ادارے سے تھا؟

A)فورٹ ولیم کالج　B)دارالترجمہ حیدرآباد

C)سائنٹفک سوسائیٹی　D)ورنا کولر ٹرانسلیشن سوسائیٹی

92۔ولیم میور کی ''لائف آف محمدؐ'' کے جواب میں سرسید نے کون سی کتاب لکھی تھی؟

A)خطبات احمدیہ　B)آثار الصنادید

C)تاریخ سرکشیِ بجنور　D)اسباب بغاوت ہند

93۔علی گڑھ تحریک کے بانی کون تھے؟

A)محمد حسین آزاد　B)سرسید احمد خان

C)مولانا حالی　D)ڈپٹی نذیر احمد

94۔مضمون ''ایک وصیت کی تعمیل'' میں فرحت اللہ بیگ نے کس کا خاکہ پیش کیا ہے؟

A)مولوی عبدالحق　B)ڈپٹی نذیر احمد

C)مولوی وحید الدین سلیم　D)مولانا حالی

95۔خاکوں کا مجموعہ ''چند ہم عصر'' کے مصنف کا نام کیا ہے؟

A)فرحت اللہ بیگ　B)رشید احمد صدیقی

C)خواجہ احمد فاروقی　D)مولوی عبدالحق

96۔رشید احمد صدیقی کے خاکوں پر مشتمل پہلے مجموعے کا نام کیا ہے؟

A)ہم نفسان رفتہ B) گنج ہائے گراں مایہ

C) آشفتہ بیانی میری D)خنداں

97۔مولانا ابوالکلام آزاد کی ولادت کب اور کہاں ہوئی ؟

A)1882 دہلی B)1886 کلکتہ

C)1888 مکہ معظّمہ D)1889 فیض آباد

98۔''غبار خاطر'' کس کی تخلیق ہے؟

A)ابوالکلام آزاد B)محمد حسین آزاد

C)فیض احمد فیض D)ڈپٹی نذیر احمد

99۔''کتے'' اور ''سینما کا عشق'' کس مصنف کے انشایئے ہیں؟

A)ملا رموزی B) کنھیا لال کپور

C)پطرس بخاری D)فرحت اللہ بیگ

100۔ان میں سے کنھیا لال کپور کے مضامین کے مجموعے کی نشاندہی کیجیے۔

A)ہوائی قلعہ B)طنزیات و مضحکات

C)بزم آرائیاں D)چنگ و رباب

101۔حالی نے شاعری کے لیے جو تین شرطیں لازمی قرار دیں ان کی نشاندہی کیجیے۔

A)تخیل، ترنم، حسن کاری B)تخیل، مطالعہ کائنات اور تفحص الفاظ

C)مطالعہ کائنات، حسن کاری، محاکات D)تخیل، محاکات، قوت ادراک

102۔اس جملے کو مناسب لفظ لگا کر مکمل کیجیے۔

سادگی۔۔۔۔۔اور اصلیت کو حالی شعر کی خوبی ٹھہراتے ہیں

A)سنجیدگی B)متانت

C)جوش D)دلکشی

103۔شبلی کے تنقیدی افکار کو سمجھنے کے لیے سب سے اہم تصنیف کون سی ہے؟

A)شعر العجم B)المامون

C)علم الکلام D)الفاروق

104۔ذیل میں سے کون سی کتاب مجنوں گورکھپوری کی نہیں ہے؟

A)نقوش وافکار B)ادب اور زندگی

C)تنقیدی حاشیے D)ہماری شاعری

105۔ان میں سے احتشام حسین کی تنقیدی کتاب کون سی ہے؟

A)تحقیق وتنقید B)روایت اور بغاوت

C) قدرونظر D)عملی تنقید

106۔ذیل کے جملے کو مناسب لفظ سے پُر کیجیے۔

کلیم الدین احمد اردو تنقید میں ایک۔۔۔۔۔کی حیثیت سے مشہور ہیں۔

A)اعتدال پسند B)بت شکن

C)نظریہ ساز D)رومان پسند

107۔اردو تنقید میں کلیم الدین احمد کی مشہور زمانہ کتاب کا نام کیا ہے؟

A)اردو تنقید پر ایک نظر　　B)روح تنقید

C)ادب اور زندگی　　D)انتقادیات

108۔''مسرت سے بصیرت تک''اور''تنقید کیا ہے''کس ادیب کی تنقیدی تصانیف ہیں؟

A) کلیم الدین احمد　　B) مجنوں گورکھپوری

C)آل احمد سرور　　D)شمس الرحمٰن فاروقی

109۔ذیل میں سے شمس الرحمٰن فاروقی کی کتابوں کی نشاندہی کیجیے۔

A)افسانے کی حمایت میں اور شیر شور انگیز　　B)ادبی سماجیات اور شناسا چہرے

C)تنقید اور احتساب، نظم جدید کی کروٹیں　　D)داستان سے افسانے تک اور فن اور فنکار

110۔قرۃ العین حیدر کے مندرجہ ذیل ناولوں میں ان کا سوانحی ناول کون سا ہے؟

A)میرے بھی صنم خانے　　B)آگ کا دریا

C)کار جہاں دراز ہے　　D)چاندنی بیگم

111۔ناول کس زبان کا لفظ ہے؟

A)جاپانی　　B)اطالوی

C)فرانسیسی　　D)انگریزی

112۔حیدرآباد کا چار مینار کس بادشاہ کے ذوق تعمیر کی نشانی ہے؟

A)عبداللہ قطب شاہ　　B)سلطان محمد قطب شاہ

C)ابراہیم عادل شاہ　　D)محمد قلی قطب شاہ

113۔ان شعراء کی نشاندہی کیجیے جن کا تعلق دبستان دہلی سے نہیں تھا۔

A)میر وسودا B)آتش وناسخ

C)ذوق وغالب D)حاتم وآبرو

114۔راجندر سنگھ بیدی کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

A)1915لاہور B)1918پنجاب

C)1921راجستان D)1923لدھیانیہ

115۔بہادر شاہ ظفر نے کس شاعر کو خاقانی ہند کے خطاب سے نوازا تھا؟

A)درد B)غالب

C)ذوق D)مومن

116۔کمال خان رستمی کی مثنوی کا نام کیا ہے؟

A)گلشن عشق B)سیف الملوک بدیع الجمال

C)پھول بن D)خاور نامہ

117۔عصمت چغتائی کے افسانوں کے مجموعے کا نام کیا ہے؟

A)چوٹیں B)ستاروں سے آگے

C)پت جھڑ کی آواز D)روشنی کی رفتار

118۔اس جملے میں ضمیر موصولہ پہچانیے؟

''اللہ جس کو عزت دیتا ہے اسے کوئی مٹا نہیں سکتا''

A)عزت B)جس کو

C)اللہ D)دیتا ہے

119۔ذیل میں سے اسم ظرف زماں کی نشاندہی کیجیے۔

A)صبح B)انجمن

C)مسجد D)قائداعظم

120۔مسدس کا ہر بند کتنے مصرعوں پر مشتمل ہوتا ہے؟

A)چھے B)پانچ

C)چار D)آٹھ